Darul-Uloom Nadwat-ul-Ulama
Badshah Bagh, Tagore Marg P. O. Box 93
Lucknow-226007- U.P. (INDIA)
Phones: (0522) 2741272,(G.House) (0522) 2740151
E-mail: arg.nadwa@gmail.com

دار العلوم لندوۃ العلماء
بادشاہ باغ، تیغور مارغ
ص، ب، ۹۳، لکنؤ، یوپی الہند

Date 27/02/2024.....   Ref D.U.N./M928

اعلان برائے جدید داخلہ

تعلیمی سال (۴۶-۱۴۴۵ھ مطابق ۲۵-۲۰۲۴ء) کے لیے دار العلوم ندوۃ العلماء میں داخلہ کا اعلان کیا جارہا ہے۔

داخلہ سے متعلق ضروری ہدایات حسب ذیل ہیں:

۱۔ جدید داخلہ فارم ۱۷ر شعبان المعظم ۱۴۴۵ھ مطابق ۲۸ر فروری ۲۰۲۴ء تا ۱۰ر رمضان المبارک ۱۴۴۵ھ مطابق ۲۱ر مارچ ۲۰۲۴ء آن لائن دستیاب ہوگا، اس کے بعد سائٹ بند کردی جائے گی۔

۲۔ جدید داخلہ فارم برائے خصوصی درجات اردو وعربی (اول ودوم)، حفظ، ثالثہ ادب وعلیا اولی ادب (تکمیل) ثانویہ درجات وحفظ معہد دار العلوم سکروری، nadwa.in ویب سائٹ پر موجود ہے، مطلوبہ کاغذات (مدرسہ کا تصدیق نامہ، مارکس شیٹ، آدھار کارڈ، ٹی سی، والد یا سرپرست کا آدھار کارڈ وغیرہ) منسلک (attach) کرکے جدید داخلہ فارم پُر کریں۔

۳۔ خصوصی درجات اردو میں داخلہ کے خواہش مند طلبہ کے لیے کم از کم عصری علوم میں انٹر کامیاب ہونا ضروری ہے اور وہ اردو زبان بے تکلف پڑھ اور لکھ سکتے ہوں۔

۴۔ داخلہ فارم کی فیس پانچ سو پچیس (=/525) روپے بذریعہ آن لائن پورٹل nadwa.in پر جمع کرکے فارم پُر کریں۔

۵۔ جب داخلہ فارم کی منظوری بذریعہ ایس ایم ایس (SMS) آپ کو موصول ہو جائے تب ہی متعینہ تاریخ میں اپنے اصل کاغذات (مارکس شیٹ، آدھار کارڈ، والد یا سرپرست کا آدھار کارڈ، ٹی سی /تصدیق نامہ وغیرہ) کے ساتھ دار العلوم آکر تحریری ٹیسٹ میں شریک ہوں۔ داخلہ فارم کی منظوری کے بغیر دار العلوم ہرگز نہ آئیں۔

۶۔ ٹیسٹ کی تاریخ ۱۴ شوال ۱۴۴۵ھ مطابق ۲۴ر اپریل ۲۰۲۴ء ہے۔

۷۔ ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے طلبہ کی کاؤنسلنگ (کاغذات کی چیکنگ) کے بعد داخلہ کی کارروائی مکمل کی جائے گی۔

۸۔ **شعبہ حفظ:**

اس میں انہی طلبہ کا داخلہ ہوسکے گا جن کی عمر کم از کم دس سال اور زیادہ سے زیادہ ۱۴ر سال ہو اور کم از کم تین پارے حفظ ہوں۔

۹۔ **معہد دار العلوم سکروری:**

معہد دار العلوم سکروری میں داخلہ کے لیے مندرجہ ذیل درجات کے لیے فارم پُر کیے جاسکتے ہیں:

الف۔ ثانویہ اولی، ثانویہ ثانیہ، ثانویہ ثالثہ، ثانویہ رابعہ، ثانویہ خامسہ۔

ب۔ درجہ حفظ میں انہی طلبہ کا داخلہ ہوسکے گا جن کی عمر کم از کم دس سال اور زیادہ سے زیادہ ۱۴ر سال ہو اور کم از کم تین پارے حفظ ہوں۔

ج۔ درجہ اعدادیہ میں حفظ مع دور مکمل کرنے والے طلبہ کا داخلہ ہوگا، نیز اردو زبان اور عصری علوم میں کم از کم درجہ پانچ کے نصاب کی تیاری ہو، ورنہ اس سے پہلے والے درجہ (ثانویہ اولی) میں داخلہ ہوگا۔

۱۰۔ داخلہ امتحان میں کامیاب ہونے کے بعد ہی باضابطہ داخلہ کی کارروائی ہوگی۔

نوٹ: پتہ یا موبائل نمبر اگر غلط پایا گیا تو کارروائی کی جائے گی۔

رشید رحمن اللہ اعظمی

مدیر دار العلوم ندوۃ العلماء مدیر (پرنسپل)